رجسٹرڈ ایل نمبر ۷

ان اللّٰہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم

الحکم

ایڈیٹر شیخ یعقوب علی تراب احمدی

پیشگی قیمت سالانہ

(۱) عوام سے ۳ (۲) خواص و معاونین سے ۱۰ (۳) ہندوستان سے باہر ... (۴) غیر مذاہب والوں سے ... (۵) اپنی جماعت کے غیر مستطیع ... سے ...

نمبر ۶ — قادیان دارالامان مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۰۷ء مطابق ۴ محرم الحرام ۱۳۲۵ھ — جلد ۱۱

الہامات

۹ فروری ۱۹۰۷ء - ۱ - خدا نے بندے پر رحم کیا ہے - ۲ - یرحمک اللّٰہ ترجمہ - خدا نے تجھ پر رحم کیا ہے - ۳ - اِنَّکَ انت الاعلیٰ - ترجمہ - بیشک تو ہی بلند ہے - ۴ - امید بھاری - ۵ - ہر ایک مکان سے خیر و عافیت -

۶ - ان اللّٰہ مع الابرار - ترجمہ - بیشک خدا نیکوں کے ساتھ ہے -

۷ - انت من الابرار - تمام دنیا میں سے ایک - ترجمہ - تو نیکوں میں سے ہے

۸ - اور میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک گڑھا قبر کے اندازہ کی مانند ہے اور ہمیں معلوم ہوا کہ اس میں ایک سانپ ہے اور پھر ایسا خیال آیا کہ وہ سانپ گڑھے میں سے نکل کر کسی طرف بھاگ گیا ہے - اس خیال کے بعد مبارک احمد نے اس گڑھے میں قدم رکھا - تو اس کے قدم رکھنے کے وقت محسوس ہوا کہ وہ سانپ ابھی گڑھے میں ہے اور اس سانپ نے حرکت کی اور پھر ساتھ ہی اس سانپ نے باہر کی طرف نکلنا شروع کیا - جب باہر کی طرف بھاگنے لگا تب ایسا دکھائی دیا کہ گویا وہ ایک اژدہا ہے اور اس کی دو ٹانگیں ہیں - ایک ٹانگ تو کسی قدر پتلی ہے اور دوسری ٹانگ اس قدر موٹی ہے جیسی کسی بھینس کی ٹانگ یا ہاتھی کی ٹانگ - مبارک احمد کی والدہ اس سانپ کی طرف دوڑی اور ایک چاقو سے اس کی پتلی ٹانگ کاٹ دی - پھر وہ اژدہا مکان کی دوسری طرف آگیا - اور میں اس کی طرف گیا اور میرے ہاتھ میں ایک چاقو تھا - میں نے بڑی ٹانگ اس اژدہا کی اس چاقو سے کاٹ دی بہت آسانی سے کٹ گئی جیسے مولی یا گاجر - اور بہت کچھ پانی زہر یلہ اس سانپ کا چاقو کے ساتھ آلودہ رہا - میں نے اس چاقو کو ایک آگ میں جو قریب ہی سلگ رہی تھی ڈال دیا اور اس سے بڑی بدبو آئی - مجھے اندیشہ ہوا کہ اس کے زہر سے مجھے کوئی نقصان نہ پہنچے - مگر کوئی نقصان نہ پہنچا - بہر حال اس اژدہا کا کام تمام کر دیا - اور پھر ہم تینوں اس مکان سے جب باہر آئے - تو ڈاکٹر عبداللّٰہ سامنے آتے نظر آئے - جب قریب پہنچے تو مسکرا کر مجھے کہنے لگے - کہ تار آئی ہے کہ دو پل ٹوٹ گئے - میں نے دریافت کیا کہ کون کون سا پل اور کس کس مقام کا پل ٹوٹا ہے انھوں نے جواب دیا کہ یہ تو معلوم نہیں مگر یہ معلوم ہے کہ وہ دو پل جو ٹوٹے ہیں وہ پنجاب کے پل ہیں - پھر بعد اس کے الہام ہوا -

۹ - العید الاخر تنال منہ فتحاً عظیماً - ترجمہ - ایک اور عید ہے - جس میں تو ایک بڑی فتح پائیگا -

۱۰ - زندگی با آرام ہو جانا پہلی زندگی سے -

۱۰ فروری ۱۹۰۷ء

۱ - دعنی اقتل من آذاک - ان العذاب مربع و مدور ترجمہ - مجھے چھوڑ تا میں اس شخص کو قتل کر دوں جو تجھے ایذا دیتا ہے - دشمنوں کیلئے عذاب ہر چہار طرف سے ہے اور ارد گرد سے گھیرے ہوئے ہیں -

۲ - وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظہرک - لک رحمۃ ہم نے تیرا وہ بوجھ اتار دیا - جس نے تیری کمر توڑ دی تھی - تیرے لئے ایک رحمت ہے

۱۲ - فروری ۱۹۰۷ء - ۱ - ایک اور خوشخبری

۲ - نثنی علیک - الخیر و البرکۃ - ترجمہ ہم تیری ثنا کرتے ہیں خیر اور برکت

۳ - آسمان ٹوٹ پڑا ستارا - کچھ معلوم نہیں کہ کیا ہونے والا ہے ۴۲

* فرمایا - یہ فقرہ اللّٰہ تعالیٰ کے نہایت فضل و احسان اور رحمت کو ظاہر کرتا ہے توریت میں ایسا ہی ایک فقرہ حضرت موسیٰ کے متعلق ہے -

؎ فرمایا اس سے معلوم ہوتا ہے - کہ کوئی دہشت ناک آسمانی امر ہے اور محاورہ عرب میں آسمان سے مراد وبال بھی ہوتا ہے مگر ہم کسی خاص پہلو پر زور نہیں دے سکتے کہ کیا مراد ہے ۔

ایک ہفتہ تک ایک بھی نہ رہیگا - اس کی تشریح نہیں ہوئی - اللّٰہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ ہفتہ سے مراد کتنی مدت ہے - مَن ذا الذی اسعد مِنک - ترجمہ - تیری سے زیادہ کون سعادت مند و کامیاب ہے

برائے امداد اسلام مے باید داشت۔ وتائید برائے محبت حضرت سید المرسلین مے باید کرد

ایھا الملک بارک اللہ فیک و علیک ولک اعلم ان الوقت وقت النصرۃ فہی لک ذخائر العاقبۃ انی اراک من الصالحین۔ فان سبقت غیرک فقد سبقت غیرک والسابقون السابقون عند اللہ وانہ لا یضیع اجر المحسنین وَ وَاللّٰہ انی مامور من اللہ وھو یعلم سری وجھری وھو بعثنی علیٰ راس المائۃ لاحیاء الدین۔ انہ رایٰ الارض فسدت وطرق الضلالت کثرت والدیانۃ قلت والخیانت کثرت فاختار عبداً من عبادہ لتجدید الدین وجعلہ خادم عظمتہ وخادم کبریائہ وخادم کلامہ المبین ولہ الخلق والامر یفعل ما یرید یلقی علیٰ من یشاء من عبادہٖ فلا تعجبوا من امر اللہ ولا تصعروا ظانین ظن السوء۔ واقبلوا الحق وکونوا من السابقین وھذا فضل اللہ علینا وعلیٰ اخواننا المسلمین فیا حسرۃ علی الذین لا یعرفون الاوقات ولا ینظرون ایام اللہ وینامون غافلین۔ وما کان شغلہم الا ان یکفروا مسلماً او یکذبوا صادقاً وما یفکرون قائمین للہ ولا یوثرون سبل المتقین۔ فہم الذین کفرونا ولعنونا ونسبوا الینا ادعاء النبوۃ وانکار المعجزۃ والملائکۃ وما بلغوا مشعاً ماقلنا وما کانوا مستدبرین۔ وفتحوا افواہم مستعجلین۔ وانا براٰء مما افتروا علینا وانا بفضل اللہ من المومنین۔ نؤمن باللہ وکتابہ القرآن والرسول النبی الامی حبیب الرحمٰن وخاتم النبیین ونؤمن بکل ماجاء نبینا المصطفیٰ وسیدنا محمد ن المجتبیٰ ونؤمن بالانبیاء اجمعین ونشھد بصمیم قلبنا ان لا الٰہ الا اللہ وان محمداً رسول اللہ وخیر المرسلین۔ ھذہ عقائدنا نلقی اللہ تعالیٰ علیہا وانّا من الصادقین ان اللہ لذو فضل علی العالمین انہ بعث عبداً مجدداً عند وقتہ افتعجبون من امر اللہ وھو ارحم الراحمین۔ و ان النصاریٰ فتنوا بحیات المسیح وسقطوا فی الکفر الصریح فاراد اللہ ان یہدم بنیانہم ویبطل برھانہم ویظہر انہم کانوا کاذبین۔ فمن کان یومن بالقرآن ویرغب فی فضل اللہ الرحمٰن۔ فلیاتنی بصدق قدم ولیدخل فی المبائعین۔ و من الحق لنفسہ بنفسی ووضع یدہ تحت یدی اولئک الذین ینفعھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ ویجعلہم فی الدارین من الفائزین فستذکرون قولی وافوض امری الی اللہ وما اشکو بثی وحزنی الا الیہ ھو ربی توکلت علیہ یرفعنی ولا یضیعنی ویعزنی ولا یحقرنی وسیعلم الذین ظلموا انہم کانوا من الخاطئین۔ واخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

الملتمس عبد اللہ الاحد غلام احمدؐ ماہ شوال ۱۳۱۳ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشتہار واجب الاظہار

جملہ ناظرین بانکین کی خدمت میں اطلاع دیجاتی ہے کہ ہم نے انسپکٹر صاحب بہادر حلقہ امرتسر کی منظوری خاص کے بعد ان تمام طلبا کے لئے جو پنجم پرائمری تک ہمارے سکول میں تعلیم پاویں۔ فیس مدرسہ معاف کردی ہے۔ خواہ وہ امیر ہوں۔ یا غریب۔ کاشتکار ہوں۔ یا غیر کاشتکار۔ ہندو ہوں۔ یا مسلمان۔ پس وہ تمام صاحبان جو دینی اور دنیوی وجہ تعلیم اپنے بچوں کو دلانا چاہتے ہیں۔ وہ اس موقع اور معافی فیس کو غنیمت سمجھیں اور ہمارے سکول میں بچوں کو مفت تعلیم دلاویں۔

(۲) یاد رہے۔ کہ ہمارا سکول افسران سررشتہ تعلیم پنجاب کے معاینہ اور نگرانی کے نیچے ہے اور رکگنائزڈ یعنے منظور ہوجانے کی وجہ سے مدرسہ ہذا کو وہ تمام حقوق حاصل ہیں۔ جو دوسرے سرکاری مدارس کو حاصل ہیں اس مدرسہ تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان میں وہی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں۔ جو سرکاری سکولوں میں مروج ہیں اس لئے جن ہوشیار لڑکوں کو وہاں سرکاری وظیفہ ملتا ہے وہ یہاں بھی مل سکتا ہے اور یہاں بھی تعلیم خدا کے فضل سے اچھی ہوتی ہے۔ جیسا کہ نتائج امتحان سے ظاہر ہے۔

(۳) ہندو طالب علموں کو صرف مروجہ تعلیم دیجاتی ہے مذہبی تعلیم صرف مسلمان بچوں کے لئے مخصوص ہے۔

(۴) بیرونجات کے طلبا کے لئے سامان رہایش یعنے مکان۔ صندوق اور چارپائی وغیرہ کا کافی انتظام کیا گیا ہے۔ چند بیرونی ہندو طلبا کے آنے پر بھی بورڈنگ ہوس کا انتظام ہو سکتا ہے ناظرین مزید دریافت طلب امور کے متعلق راقم سے خط و کتابت کر سکتے ہیں۔

نوٹ۔ اُن طلبا کے لئے جو دیگر مدارس سے اپر پرائمری کا امتحان پاس کر کے آتے ہیں۔ ایک سپیشل کلاس انگریزی کی تعلیم کے لئے کھولی گئی ہے اس جماعت کے طلبا سے بھی کوئی فیس نہیں لی جاتی۔

شیر علی عفی اللہ عنہ۔ ہیڈ ماسٹر مدرسہ تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان۔ ۳ فروری ۱۹۰۷ء

نوٹ۔ مدرسہ کے متعلق ایک بک ڈپو بھی ہے۔ جہاں مروجہ کتب سررشتہ تعلیم فروخت ہوتی ہیں

دارالامان کا ہفتہ

۱۔ اعلیٰ حضرت حجۃ اللہ مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحت الحمد للہ اچھی رہی آپؑ کے اہل بیت اور جمیع متعلقین بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تندرست ہیں۔

۲۔ بزرگان ملت کی صحت کی خبر قوم کیلئے مسرت افزا خبر ہے۔ ۱۵ فروری ۱۹۰۷ء کی رات کو مکرمی حکیم فضل الدین صاحب بھیروی ایکایک سخت بیمار ہوگئے۔ حضرت مسیح موعودؑ اور بزرگان ملت کی دعاؤں نے حکیم صاحب کو شفا دی الحمد للہ علیٰ ذالک۔

۳۔ موسم ہفتہ بھر ابر آلود رہا۔ اور بارش ہوتی رہی۔ بارش خاطر خواہ ہوگئی اور ابھی تک آسمان صاف نہیں ہوا ڈھاب خوب لبریز ہو چکی ہے۔ بارش کی وجہ سے سلسلہ کی تعمیرات فی الحال بند ہیں۔

۴۔ عبد الکریم حیدر آبادی طالب علم جکو ہائیڈروفوبیا کا دورہ ہوا تھا اور جس کا ذکر گذشتہ اشاعت میں ہو چکا ہے وہ خدا تعالیٰ کے فضل اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خاص دعا کی وجہ سے بالکل شفایاب ہوگیا تھا کسولی والے اس کی زندگی سے جواب دے چکے تھے مگر خدا تعالیٰ نے یہ نشان قبولیت دعا کا دکھایا

بنگر اگر چشم واداری

ہندوستان میں سب سے بڑا آدمی کون ہے؟

معزز ہمعصر ہندوستان نے ۱۸ جنوری ۱۹۰۷ء کی اشاعت میں مندرجہ بالا عنوان پر ایک سو روپیہ کا انعام مشتہر کیا ہے اور وہ چھ بڑے بڑے آدمیوں کے نام پوچھتا ہے۔ میں اس سوال کا جواب اپنے مذاق پر دینا چاہتا ہوں اس لئے نہیں کہ سو روپیہ کا انعام مقرر ہے بلکہ محض اس لئے کہ کیا عجب محض اسی تقریب سے اہل ہند کو اپنے **حقیقی محب** اور **غم گسار** کا پتہ لگ سکے۔ بزرگی اور بڑائی مختلف پہلوؤں اور حیثیتوں سے سمجھی جاسکتی ہے اور سمجھی جاتی ہے لیکن حقیقی **عظمت** اور **وقعت** جن انسانوں کی دنیا میں سمجھی جانی چاہئے اور جسکے مستحق دراصل وہی ہوتے وہ وہ **قوم** ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے نوع انسان کی حقیقی بھلائی کے لئے دنیا میں آتی ہے۔ اور عجب تر بات یہ ہے کہ یہ **قوم** ابتداً لوگوں کی نظر میں **حقیر** اور **ذلیل** سمجھی جاتی ہے لیکن خدا تعالیٰ کا ناطق فیصلہ یہ ہوتا ہے۔

قل العزۃ للّٰہ ولرسولہ

پس دنیا میں اپنے عہد اور عصر کا سب سے بڑا آدمی وہ ہوتا ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے **اصلاح خلق** کے لئے **مامور** ہو کر آئے۔ اس لحاظ سے بھی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے سوا کوئی ہستی اور وجود ایسا نہیں جو تمام عزتوں اور بڑائیوں اور بزرگیوں کا مرجع اور منبع ہو پھر جس کو اسکے حضور تقرب اور باریابی کی عزت حاصل ہو اور کل انسانوں میں سے وہی **اصلاح خلق** کے منصب جلیل پر ممتاز اور منتخب ہو اس سے بڑھکر

کون بڑا ہو سکتا ہے؟

میں کہہ چکا ہوں کہ مختلف حیثیتوں سے بڑائی اور بزرگی کا اظہار کیا جا سکتا ہے ایک متمول اپنی دولت و ثروت کے لحاظ سے ایک تاجر اپنی تجارت کے اصولوں کی [illegible] وسعت علم اور کامیابی کے لحاظ سے ایسا ہی ایک مدبر اپنی فرزانگی اور صائب تدبیری کے پہلو سے ممتاز ہو سکتا ہے مگر ان سب میں وہ بات نہیں ہوتی جو ایک **مامور میں ہوتی ہے**۔

سب سے اول اس کی بزرگی اور لانظیر عظمت کا پہلو اسکی **بے عیب** زندگی ہوتی ہے وہ انھیں لوگوں میں جو اس کے تمام حالات زندگی سے واقف اور خبردار ہوتے ہیں یہ دعویٰ کرتا ہے۔

وقد لبثت فیکم عمرا افلا تعقلون

یعنے بیٹھے تم میں اپنی عمر کا ایک حصہ گذرا ہے کیا تم میں کوئی شخص ایسا ہے جو مجھ پر کوئی عیب اور الزام لگا سکے؟ اور سننے والوں میں سے باوجودیکہ اسکے مخالف اور دشمن ہی ہوتے ہیں مگر پھر بھی کسی کو ہمت اور حوصلہ نہیں ہوا کہ اسپر کوئی الزام لگا سکے اور ان لوگوں کے سوا اور کوئی گروہ اور افراد نہیں جنھوں نے اس قسم کا دعوےٰ دنیا میں کیا ہو اور پھر وہ دعویٰ پورا اترا ہو۔ کسی بڑے سے بڑے مدبر کا نام لو کہ اس نے ایسا چیلنج کیا ہو۔ کسی عالم یا متمول انسان کا نام لو۔ میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ایک شخص بھی اس **تحدی** کا کرنے والا بجز ماموروں کے نہیں نکلے گا۔

دوسرا باعث ان کی بزرگی اور عظمت کا ان کا مقصد اور کام ہوتا ہے تمام دوسرے ریفارمروں کی اصلاح کا دائرہ اور میدان دنیوی اغراض تک محدود ہوتا ہے اور کوئی ایک یا دوسری سوشل اصلاح انکے زیر نظر ہوتی ہے مثلاً ایک سودیشی تحریک کا حامی اپنے پرچار اور تحریک کو اسی دائرہ کے اندر رکھیگا اسے اس امر کی پروا نہیں ہوگی کہ ملک کی تمام حالت کیسی ہے کوئی شرابی ہو زانی ہو قمار باز ہو اسے اس کی پروا نہیں وہ فقط یہ دیکھ لیگا کہ اسکے کپڑے دیسی ہیں یا ایک بے نوشتی یا مسکرات کی خرابیوں سے بچانے کی تحریک کرنے والا اپنے مقاصد کے دائرہ کو اسی حد تک سمجھتا ہے۔ دوسری برائیوں اور خرابیوں سے اسے واسطے نہیں۔ مگر خدا تعالیٰ کا مامور اپنا مقصد اور منشاء یہ قرار دیتا ہے کہ **انسان کو حقیقی انسان** پھر **با اخلاق انسان** اور بالآخر **باخدا انسان** بناوے اور انسانی پیدائش کی **غایت** کا سبق اس کے ذہن نشین کرے۔ اسکی **دعوت عام** اور اس کے کام کا دائرہ وسیع ہوتا ہے وہ ہر قسم کی برائیوں اور بدیوں کو دور کرنا چاہتا ہے۔ خواہ وہ اعتقادی ہوں یا عملی اخلاقی ہوں یا مجلسی تمدنی ہوں یا سیاسی۔

تیسرا باعث اس کی بزرگی کا اس کا قول اور فعل ہوتا ہے یعنے جو کچھ وہ کہتا ہے وہ کرکے دکھا دیتا ہے یہ نہیں کہ آج ایک سودیشی تحریک کا حامی شور مچانے کو تو زمین آسمان سر پر اٹھا لیتا ہے لیکن خود ولایتی عینک اور معمولی قلم دوات تک کو چھوڑ نہیں سکتا۔ ہندو مسلمانوں کے اتحاد کی تقریریں کرنے میں زمین آسمان کے قلابے ملانے کو آتا وہ لیکن ایک ترکی ٹوپی والا آدمی سامنے چلا جاوے تو ایسی حقارت کرتا ہے کہ اس کی طرف نظر اٹھانا بھی شاید گناہ سمجھتا ہو۔ غرضیکہ اپنی تعلیم پر عمل کرنا وہ لوگ ضروری نہیں سمجھا کرتے۔ مگر مامور کی حالت ان سے بالکل متغائر ہوتی ہے وہ جو کچھ کہتا ہے کرکے دکھاتا ہے گویا اس کی تعلیم کا پہلو **عملی** ہوتا ہے۔

چوتھا باعث ان کی بزرگی اور عظمت کا وہ غیر معمولی **نصرت** اور تائید ہوتی ہے جو ان کی اللہ تعالیٰ کرتا ہے ایک دنیا ان کی مخالفت کے لئے اٹھتی ہے مگر وہ ان مخالفتوں کی ذرا بھی پروا نہ کرتا ہوا اپنی تبلیغ کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ مخالف تنگ کر ذلیل ہو کر نار ہو جاتے ہیں اور خدا کا مامور اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جاتا ہے اور وہ جماعت جو ابتداً لوگوں کی نظر میں ذلیل اور حقیر ہوتی ہے ایک معزز اور مقتدر جماعت ہو کر رہتی ہے۔

اس قسم کے بہت سے وجوہ ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ **حقیقی عظمت** اور بڑائی انسانی جماعت میں **خدا کے ماموروں کو ہوتی ہے**۔

پس ہندوستان میں اگر کوئی آدمی **بڑا** کہلا سکتا ہے جو **اصلاح عالم** کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے **مامور** ہو مگر اس کی تلاش کے لئے ہندوؤں اور آریوں میں جانا محض بے سود ہے اس لئے کہ وہ تسلیم کر چکے ہیں کہ ان میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں جو خدا تعالیٰ سے ایسا تعلق رکھتا ہو کہ اسے مکالمہ الٰہی کا شرف حاصل ہو۔ ان کے اعتقاد اور مہلت کے موافق خدا تعالیٰ کسی ابتدائی زمانہ میں بول کر **خاموش** ہو چکا ہو۔

عیسائیوں نے فیصلہ ہی کر دیا کہ خود خداوند (معاذ اللہ) نجات عالم کی خاطر قربان ہو لیا اب کسی وحی اور الہام کی حاجت ہی نہیں بلکہ کفارہ کے اعتقاد کو مدنظر رکھکر اعمال صالحہ کی بھی حاجت نہیں۔ اس لئے یہ مذہب تو انسان کو سرے سے وحشی ہی بنانا چاہتا ہے ان کے ہاں بھی کوئی ایسا آدمی موجود نہیں اور نہیں ہونا چاہئے۔ ہاں **اسلام** ایک ایسا مذہب ہے جو **زندہ مذہب** ہے وہ بتاتا ہے کہ خدا تعالیٰ کے کلام پر کبھی مہر نہیں لگی جیسے وہ سمیع و بصیر ہے ویسے ہی **کلیم** بھی ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ اور اسلام کی پاک تاثیرات کا نتیجہ یہی ہے کہ وہ انسان کو اللہ تعالیٰ کے مکالمہ کا شرف بخشتا ہے اور

ہمیشہ ہر صدی کے سر پر ایسے لوگ آتے رہینگے جو اسلام کی سچائی عملی رنگ میں ثابت کریں چنانچہ اس صدی کے سر پر بھی ایک آواز آئی ہے —

کہ میں مامور ہوں

پس یہی مامور ٹہرا ہوا آدمی ہو سکتا ہے اور یقیناً ہے اس کا دعوے ہے کہ وہ کُل اقوام کے لئے راہ نجات ہے اور وہ موعود اور مامور مرزا غلام احمد قادیانی (ایدہ اللہ) ہیں —

رہا یہ امر کہ وہ واقعی خدا کی طرف سے ہے یا نہیں اس کو ان معیاروں سے پرکھو جو خدا کے ماموروں کے لئے ہوا کرتے ہیں —

۱ - اس کی اپنی لائیف (سیرۃ) پر غور کرو —

۲ - اس کی تعلیم کو دیکھو —

۳ - ان تائیدات پر نگاہ کرو جو اللہ تعالےٰ نے اُن کی کی ہیں —

۴ - ان نشانات کو سوچو جو اس کے ہاتھ پر ظاہر ہوئے —

۵ - ضروریات زمانہ کو مد نظر رکھو —

۶ - پہلے راستبازوں سے مقابلہ کرو —

۷ - جو لوگ خدائی فیصلہ کی بنا پر اسکے مقابلہ میں آئے اُن کے انجام کی تحقیق کرو —

۸ - اس کی جماعت کو دیکھو — (۹) اسکے کام کو دیکھو کیا کر رہا ہے (۱۰) پچھلے نشانات کافی نہ ہوں تو آئندہ اور دکھلانے کو آمادہ ہے —

غرض ایک نہیں بہت سے دلائل ہیں جو اسکے صدق دعوےٰ پر ہر رنگ میں پیش کئے جا سکتے ہیں — پس جب معیار صدق پر وہ مامور ثابت ہو چکا ہے تو اس امر کے تسلیم کرنے میں کوئی عذر نہیں ہونا چاہئے کہ نہ صرف ہندوستان بلکہ اس وقت کی موجود دُنیا کا سب سے بزرگ انسان جناب مرزا غلام احمد مسیح موعود و مہدی مسعود و کرشن رودر گوپال ہیں جس کی آنکھیں دیکھنے کی ہوں دیکھے اور جس کے سُننے کے کان ہوں وہ سُنے — ایڈیٹر

استفسار اور اُن کے جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علےٰ رسولہ الکریم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ — آپ کے سوالات کے جوابات حسب ذیل ہیں وباللہ التوفیق وھو نعم المولیٰ ونعم الرفیق —

سوال اول — فلما ذاقا الشجرۃ بدت لہما سوءاتہما و طفقا یخصفان علیہما من ورق الجنۃ — کیا حضرت آدم و حوا دونوں برہنہ ہو گئے تھے —

جواب — آدمی کا قاعدہ ہے کہ جب اس کی کمزوری کا اُس کو علم ہوتا ہے تو اُس کے اخفا کی تدبیر کرتا ہے — اسی طرح حضرت آدم کو بھی اپنی کمزوری کا جب علم ہوا اُس کے اخفا کی کوشش کی اور یہ کوئی مذموم بات نہیں بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بھی دعا کرتے تھے اللھم استر عوراتی و آمن روعاتی بلکہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر کسی سے کوئی غلطی ہو جاوے اور اللہ تعالیٰ اسکی ستاری کرے تو یہ خود اس کا اظہار نہ کرے —

دوسرا سوال — قال فاذھب فان لک فی الحیوۃ ان

تقول لا مساس ۱۶/۴ — یہ کیونکر تسلیم کیا جاوے کہ سامری کے ہاتھ لگانے سے تپ چڑھ جاتے تھے —

جواب — تپ چڑھنا تو قرآن مجید میں کہیں نہیں لکھا۔ سامری نے ترا شرک کیا اور اللہ تعالیٰ سے علیحدہ ہو گیا اور لوگوں کو اللہ تعالیٰ سے علیحدہ کیا تو بموجب قانون الٰہی جزاء سیئۃ سیئۃ مثلہا اس کو بھی وہی سزا دی گئی کہ یعنے لوگوں کے ملنے سے علیحدہ کیا گیا اور اس کو حکم ہو گیا کہ جیسے چوہڑے دور سے پوش پوش یا پاس پاس کہتے چلے جاتے ہیں تا کہ کوئی ان کو چھوئے نہیں تو چوہڑوں کی طرح الگ رہو اور دور سے پکار پکار کر پاس ہو جاؤ —

تیسرا سوال — فنظر نظرۃ فی النجوم فقال انی سقیم ۲۳/۷ ستاروں کو دیکھکر یہ کہنا کہ میں بیمار ہوں اس کا کیا مطلب ہے کیوں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے قوم کے سامنے ایسا عذر کیا یہ سخت اعتراض ہے —

جواب — آجکل تو یہ عام رواج ہے مگر چونکہ آپ دیہات میں رہتے ہیں آپ کو اس کا علم نہیں — کوئی شخص کسی کے پاس جاوے تو میزبان کا جب ارادہ اس کے رخصت کرنے کا ہوتا ہے تو وہ اس کو زبان سے کچھ نہیں کہتا بلکہ جیب سے گھڑی نکال کر دیکھتا ہے اس کے معنے یہ ہوتے ہیں کہ آپ نے میرا بہت وقت خرچ یا ضایع کیا تو اب وہ مہمان چلا جاتا ہے — اسی طرح تصویری زبان کی اور بہت سی مثالیں موجود ہیں کہ سوائے گفتگو کے بات کی جاتی ہے جیسے اسٹیشنوں پر سرخ جھنڈے منع کے لئے اور سفید یا سبز اجازت آنے ریل کے لئے ہوتے ہیں — حضرت ابراہیم کی طبیعت بیمار تھی مگر باوجود بیماری کے قوم سے گفتگو کرتے رہے جب دیر ہو گئی اور بیماری کی تکلیف زیادہ محسوس ہونے لگی تو ستاروں کی طرف دیکھکر اشارہ کیا کہ اب بہت وقت ہو گیا اور میں بیمار بھی ہوں اب چلے جاؤ اور نجوم کے معنے گھڑی بھی ہیں تو اس طرح یہ معنے ہوئے کہ گھڑی دیکھکر یہ بات فرمائی والعلم عند اللہ (فضل دین حکیم از قادیان)

دوسرا خط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علےٰ رسولہ الکریم

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ — آپ کے سوالات کا جواب ذیل میں عرض ہے —

سوال اول — کیا وجہ کہ وضو کے فاسد ہونے سے ہاتھ پاؤں کا دھونا پڑتا ہے وضو کے ٹوٹ جانے سے یا ریح یا بول سے ان اعضا کے دھونے کی کیا وجہ —

جواب — اللہ تعالیٰ کے احکام بڑی بڑی حکمتوں پر مبنی ہوتے ہیں پاخانہ بول باد سے جو بُو اُٹھتی ہے اُس سے انسان سمجھ سکتا ہے کہ اس گندی چیز کی اندرونی بو اور گندے بخارات نے اندرونی اعضا قلب دماغ روح کو کیسے صدمے پہنچائے ہونگے — جن سے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگنے کے لئے فرمایا اللھم اعوذ بک من الخبث والخبائث یعنے جب آدمی جنگل کو جاوے یعنے پاخانہ بول براز کے لئے خلا میں جاوے تو یہ دعا کرے یا اللہ میں تمام اندرونی بیرونی پلیدیوں اور نجاستوں سے پناہ مانگتا ہوں جنکا اثر قبل از خروج باطن اور روح پر ہو سکتا ہے اور بعد از خروج ظاہری اعضا ... دماغ قلب روح پر پڑتا ہے اُن کے بد آثار سے مجھے

بچائے اس سے پناہ بھی مانگے اور ان کو خبث اور خبایث بھی فرمایا اسی پر بس نہیں بلکہ فرمایا کہ عند الخروج غفرانک ہی یعنی اے اللہ جو کچھ اُن کے آثار بد ہیں اُن سے میں تیری ہی حفاظت مانگتا ہوں اسی واسطے بول براز باد کو روک کر نماز پڑھنا شارع علیہ السلام نے منع فرمایا تاکہ یہ گند اندر میں نہ رہے اور جہانتک جلد ممکن ہو اس کو نکالدیا جاوے۔ جب ریح یا بول براز نکلے تو معلوم ہوا کہ انہوں نے روح کو بہت صدمہ پہنچایا اب روح کی تقویت کے لئے ہاتھ پاؤں پر پانی ڈالنے کا حکم دیا کہ روح کو طاقت ہو کیونکہ ہاتھ پاؤں منہ پر پانی ڈالنے سے تقویت روح ہوتی ہے۔

چنانچہ جب کسی کو غشی یا بیہوشی ہوتی ہے تو اس کو ہوش میں لانے کے لئے پاؤں تلوے کہ اس کی تقویت قلب و روح کی لئے۔ اس کے مونہہ ہاتھ پاؤں پر چھینٹے مارے جاتے ہیں تو اس کو افاقہ ہو جاتا ہے۔

یہ ایک یقین ثبوت ہے و نیز قرآن مجید میں ہے وجعلنا من الماء کل شیء حی یعنی پانی ہر چیز کی زندگی ہے جیسے ظاہری غشی جو ایک قسم کی موت ہے پانی سے رفع ہوتی ہے ویسی ہی روحانی ضعف جو وہ بھی ایک قسم کی موت ہے پانی سے دور کرنے کا حکم دیا۔

دوسرا سوال۔ تمام جانور پاکول ذبح کے سوا حرام اور ناجائز ہیں مگر مکڑی و مچھلی کے واسطے ذبح کیوں نہیں۔

جواب۔ دم مسفوح میں بہت سے اقسام زہر کے ہوتے ہیں جو زندگی میں پیشاب پسینہ میلوں کے ذریعہ برابر نکلتے رہتے ہیں مگر موت سے وہ زہر بھی اس خون کے ساتھ مردہ میں بند رہ جاتے ہیں اس لئے وہ گوشت قابل استعمال نہیں ہوتا کیونکہ اس سے نازک اور لطیف قوی تباہ ہو جاتے ہیں اور بسبب مل جانے زہروں کے وہ گوشت خبیث ہو جاتا ہے اور طیب اور پاکیزہ نہیں رہتا اور اللہ تعالےٰ کا حکم ہے یحل لہم الطیبات ویحرم علیہم الخبائث مثلاً آپ خون یا مردار خوار اقوام کو دیکھو کہ اُن کے نازک اور لطیف قوی تباہ ہو جاتے ہیں اس لئے وہ لطیف باتوں کو سمجھ ہی نہیں سکتے۔ مچھلی مکڑی میں دم مسفوح چونکہ نہیں اس لئے ان کا ذبح کرنا ایک احمقانہ حرکت ہے جو حکیمانہ شریعت میں نہیں ہونی چاہیئے۔

تیسرا سوال۔ منی کے خروج سے غسل کیوں ہوتا ہے اور پاخانہ بول سے صرف استنجا کافی ہے حالانکہ بول براز نجاست میں منی سے زاید ہے پھر منی سے غسل کیوں کیا جاتا ہے۔

جواب۔ خروج منی سے تمام بدن کو ضعف پہنچتا ہے۔ منی کا خروج گو قلیل ہوتا ہے پھر بھی بعض وقت بعض انسان کو ضعف محسوس ہوتا ہے اگرچہ ایک جوان قوی اس کو محسوس نہ کرے مگر ہوتا ضرور ہے اس کا پتہ اس وقت لگتا ہے جب متواتر خروج منی ہو جریان سے یا جلق یا کثرت جماع سے تو پھر خواہ کیسا ہی قوی جوان ہو چند روز میں ہی دل دماغ آنکھ پھیپھڑہ غرض تمام اعضا میں بیماریاں اور ضعف پہنچکر اس کو تباہ کر دیتا ہے یہ تو حال ہے تھوڑی تھوڑی منی نکلنے کا اگر وہ پاخانہ یا بول کے برابر نکلتے تو خدا جانے ایک ہی بار نکلنے سے کیا اندھیر ڈھا دیتے پس خروج منی سے چونکہ تمام بدن کو ضعف پہنچتا ہے اس لئے اس سے تمام بدن کا دھونا ہے مناسب بلکہ ضروری ہوا تاکہ تمام بدن کو طاقت آجاوے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ اگر انسان دوبارہ جماع کرنا چاہے تو غسل کر کر جماع کرے اس سے اس کو نشاط اور قوت عمدہ ہو جاوے گی۔

چوتھا سوال۔ قرآن مجید میں بعض آیات و بعض قصص تکرار کیوں آیا ہے حالانکہ تکرار لفظی فصاحت نہیں۔

جواب۔ قرآن کریم میں ہرگز کوئی قصہ نہیں۔ جب قصہ ہی نہیں تو تکرار قصہ کیا۔ قصہ کی جمع۔ قِصص ہے اور احسن القَصص کے معنے ہیں عمدہ بیان۔ اگر کوئی قصہ قرآن مجید میں ہوتا تو کسی واقع کے ابتدا کسی کی انتہا کسی کی تاریخ بیان ہوتی یا وہ قصہ مسلسل من اولہ الی آخرہ کا بیان ہوتا مگر ایسا کہیں بھی نہیں دوسرا تکرار مخل فصاحت بھی نہیں ہوتا آپ دیکھیں مخمس مسدس تضمین ترجیع بند وغیرہ میں ہی بند یا مصرع بار بار آتا ہے بلکہ گیت میں تو تکرار کو اس قدر موثر پاتا ہے کہ ہر ایک شعر کے بعد مصرع اول کو دہراتے ہیں دوسرا قرآن مجید کا نام ہی ذکر۔ تذکرہ۔ ذکریٰ ہے جسکے معنے ہیں یاد۔ یاد دہانی۔ جس کلام پاک کا نام ہے یاد دہانی ہو کیا وہ ایک دفعہ کہکر چپ ہو سکتا ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ اس کا فرض ہے کہ برابر یاد دلاتا رہے۔ کیا مہربان باپ اپنے پیارے بیٹے کو ......۔ ایک ہی دفعہ نصیحت کر کر چپ ہو جاتا ہے یا جبتک بچہ سدھر نہ جاوے وہ بس ہی نہیں کرتا اور اسکو صبر ہی نہیں آتا۔

اگر تکرار خلاف فصاحت ہے تو اللہ تعالیٰ کا بار بار انبیاء رسل ...... کتب سماوی کا بار بار نازل فرمانا یہ بھی تکرار ہی ہوگا خصوصاً قرآن مجید کے نزول اور حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تو سلسلہ مجددین آپکے نزدیک اور بھی خلاف فصاحت اور غیر ضروری ہوگا۔ بہرحال یہ اُس ارحم الراحمین کا رحم ہے اللھم واغفر لنا وارحمنا انت مولانا فانصرنا علی القوم الکافرین۔ (فضلدین حکیم از قادیان)

اطلاع

(۱) جن خریداران کے نام الحکم کا بقایا سابقہ یا سال رواں کا چندہ واجب الوصول ہے اُن کے نام مطبع کی طرف سے وی پی جاری ہو رہے ہیں۔ جو صاحب اس بات کی اطلاع نہ دیں گے کہ وہ کب واجب الادا چندہ ارسال کرینگے۔ وہ ہر وقت مطبع کا وی پی وصول کرنے کے لئے طیار رہیں۔ اس اطلاع کے سوا اور کوئی الگ اطلاع بقایا داران کے نام نہ بھیجی جاویگی۔ (۲) خریداران کو چاہیئے کہ وہ خط و کتابت میں نمبر خریداری ضرور درج کیا کریں نمبر تلاش میں بہت سا وقت کلرک کا ضائع ہوتا ہے۔ امید ہے کہ خریدار آیندہ اس کی احتیاط رکھینگے۔ مینجر الحکم

اپنے مطلب کے اقتباس

اسلام نے پہلے ہی دن پکار کر کہدیا تھا کہ ومن اعرض عن ذکری فان لہٗ معیشۃً ضنکاً دنیا میں بہت سی قومیں ہیں جن کی ترقی کی تہ میں قومیت اور علم کی طاقت پوشیدہ ہے۔ لیکن مسلمانوں کی کوئی قومیت نہیں ہے۔ موسیٰؑ نے خاص بنی اسرائیل کی ایک مذہبی سوسائٹی قایم کی اور مسیحؑ نے اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کو جمع کرنا چاہا۔ لیکن اسلام نے تمام اقوام عالم کو ایک مشترک اور عالمگیر مذہب کی دعوت دی اور عرب و عجم اور مشرق و مغرب کو ایک مذہبی سطح پر جمع کر دیا۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ مذہب قومیت کی جگہ لے لیتا اور یہی ہوا بھی۔ ایک وحشی منبع جہالت اور خلق الموسوبات قوم نے جو صدیوں سے مذہبی مصلحین کی بے التفاتی سے اپنی وحشت پر اصرار کے ساتھ قائم تھی دیکا یک ریگستان عرب سے سر نکالا اور ایک چوتھائی صدی کے اندر ہی اندر روم اور عجم کے مستحکم تمدن کو لرزا دیا۔ صدیوں کی سوئی ہوئی قوم کا یکایک جاگنا اور اس طرح جاگنا کہ صدیوں کی جاگی ہوئی قوموں کو پا اکر کے علم و تمدن کو اپنا حلقہ بگوش بنا لینا تاریخ عالم کا ایک عجیب ترین واقعہ ہے۔ لیکن یہ انقلاب کیوں ہوا؟ کیا فلسفہ و حکمت کی اُن کو تعلیم دی گئی تھی؟ کیا یونان اور مصر کی تعلیم گاہوں کا یہ اثر تھا؟ کیا ارسطو اور افلاطون الٰہی کے اسرار حکمت درس کا یہ کرشمہ تھا؟ تاریخ بتلاتی ہے کہ ان اسباب میں سے ایک سبب بھی موجود نہ تھا صرف مذہب اور صرف مذہب اسلام کی تعلیم کا یہ اثر تھا کہ قرن کے اندر ہی اندر ایک وحشی ترین قوم کو قیصر و کسریٰ سے بہتر حکومت بخشدی یونان اور مصر سے بڑھکر فلسفہ و حکمت سکھا دیا اور بابل اور ایران سے اعلیٰ تمدن کا بانی بنا دیا۔

اتنا ہی نہیں بلکہ اخلاق نے اس بالا تر اعلیٰ عالم سطح پر پہنچا دیا کہ دنیا ایک ہزار برس آگے بڑھ گئی ہے۔ نیچر کے عجائبات ہر طرف جلوہ نما ہیں اور تحقیقات و انکشافات کا دریا موجزن ہے۔ لیکن آج بھی اُس کی بلندی اسی طرح نمایاں ہے جس طرح آٹھویں صدی عیسوی میں حیرت افزائے عالم تھی۔

تم نے کیا نتیجہ نکالا؟ افسوس کہ تم اپنے ماضی سے سبق عبرت نہیں حاصل کرتے۔ تاریخ کا یہ حیرت انگیز واقعہ تم کو بتلاتا ہے کہ جس ذلت اور نکبت نے تمہارا محاصرہ کر لیا ہے اُس کی تولید کہاں سے ہوئی؟ ہاں اس واقعہ سے تم دیکھ سکتے ہو کہ موجودہ حالت میں تم کو کیا کرنا چاہئے؟ دنیا میں اور قوموں نے قومیت اور علم کے بہتے پر ترقی کی ہوگی مگر مسلمانوں نے صرف اسلام کے فیض تعلیم سے عروج حاصل کیا۔ اسی کی تعلیم نے علم کا راستہ تبلایا اور اسی کی آواز نے تمدن اور حکمرانی کے گر سکھلائے۔ مسلمانوں نے جب ریگستان عرب سے قدم باہر نکالا تو اُن کی تمام پونجی صرف ایک مقدس الصحیفہ الہامی کتاب تھی یہی تو مجموعہ قوانین ہدایت اور مخزن تعلیم تھا جس کو اپنا دستور العمل بنا کر مسلمانوں نے ترقی کے زینہ پر قدم رکھا۔ مردانہ وار اس زینے کو طے کر گئے اور جیت رکھا ہے جب تم ترے تو تمدن اخلاق اور علم و حکمت کی دولت سے مالا مال تھے۔ لیکن اب یہی مسلمان ہیں جن کی نکبت و ذلت کی آوازوں سے مشرق و مغرب گونج رہا ہے وہ دنیا کے کسی گوشے میں خوشحال نظر نہیں آتے اور کسی حصہ سے اُن کی خوشگوار آواز نہیں سنائی دیتی حکومت کی دولت تو ایک مدت سے برباد ہو رہی ہے لیکن علم و اخلاق جو ہمیشہ اسلام کی نمایاں علامت رہا ہے اب وہ بھی اُن کے ہاتھوں سے نکل چکا ہے۔ سوال یہ ہے کہ گذشتہ اور موجودہ حالت میں یہ اختلاف کیوں ہے؟؟ تاریخ عالم کا یہی عجیب واقعہ بتلاتا ہے کہ تمہاری ترقی کا اصلی سبب اسلام کی تعلیم کی تعمیل تھی۔ جس دن یہ عمل مفقود ہوا اُسی دن سے اُن نتائج نے بھی منہ موڑ لیا جو اس علت سے وابستہ تھے۔

مسلمانوں کو اسلام کی تعلیم کے اثر نے بلند کیا اور اسی اثر کے فقدان نے بلندی سے پستی میں گرایا۔ تم گذشتہ حالت کو موجودہ حالت سے ملاؤ۔ جس چیز میں شدید فرق نمایاں ہو گا وہ صرف اسلام کی تعلیم پر عمل ..... کا فقدان ہے۔ مسلمانوں نے قرآن کی دعوت سے منہ موڑا تو عزت اور دولت کی پیشانی پر بھی بل آ گئے۔ قرآن نے اُن کو نہایت سختی سے سکھایا تھا کہ واعتصموا بحبل اللہ جمیعاً ولا تفرقوا خدا کی رسی کو مضبوط پکڑو اور متفرق مت ہو۔ لیکن انھوں نے اس کی پروا نہ کی اور نااتفاقی کو اپنا شعار بنا لیا۔ قرآن نے تبلایا کہ انما المومنون اخوۃ مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں لیکن انھوں نے باہمی دشمنی اور کینہ سے رشتہ اخوت کو کاٹ ڈالا۔ قرآن نے تعلیم دی کہ وان طائفتان من المومنین اقتتلوا فاصلحوا بینھما اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو اُن میں صلح کرا دو لیکن اُنھوں نے صلح کی جگہ باہمی جنگ و جدل کی آگ کو ہمیشہ بھڑکایا۔ قرآن نے وشاورھم فی الامر کا اشارہ کر کے جمہوری اور قومی حکومت کے تناور پیڑ ور دیا مگر انھوں نے شخصی اور جبری حکومت کی بنیاد ڈالی۔ قرآن نے حکم کیا کہ ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر ویامرون بالمعروف وینھون عن المنکر تم میں ایک ایسی جماعت بھی موجود رہنی چاہئے جو لوگوں کو نیک کاموں کی طرف بلائے۔ اچھے کاموں کی ترغیب دے اور برائیوں سے روکے۔ لیکن انھوں نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی تعلیم کو بالکل بھلا دیا اور رشد و ہدایت کا سلسلہ بند کر دیا۔ قرآن نے نصیحت کی کہ تعاونوا علی البر والتقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان آپس میں نیک کام اور پرہیزگاری کے لئے مدد کرو اور گناہ اور زیادتی کی اعانت سے باز رہو۔ لیکن اُنھوں نے اعانۃ علی الاثم والعدوان کو اپنا دستور العمل بنا لیا اور بجائے طرف نیک کاموں کے ترغیب دینے کے ..... قرآن نے ناصحانہ لہجہ میں سمجھایا کہ یاایھا الذین اٰمنوا کونوا قوامین للہ شھداء بالقسط ولا یجرمنکم شنان قوم علی الا تعدلوا اعدلوا ھو اقرب للتقویٰ ایمان والو! خدا کے واسطے انصافانہ گواہی دینے کے لئے تیار ہو جایا کرو۔ اور ایک قوم کی دشمنی کے لئے عدل و انصاف کی روش نہ چھوڑو! عدل کرو کیونکہ یہی چیز راہ اتقا سے اقرب ہے۔ لیکن اُنھوں نے اس آواز کو بھلا دیا اور ظلم و عدوان سے بیعت کر لی۔ اخلاق اور محاسن اخلاق کے لئے تعلیم کی جگہ ضرورت تھی کہ خلق عظیم کا ایک اعلیٰ ترین نمونہ دکھلا دیا جائے۔ اس لئے فرمایا کہ ولکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ لیکن انھوں نے اس اسوہ حسنہ کی تقلید بالکل چھوڑ دی اور وہ تمام اخلاقی محاسن ضائع کر دیئے جن کے لئے اسلام ہمیشہ دنیا میں سربلند رہا۔ قرآن نے پہلے ہی دن کہدیا تھا کہ ان ھذہٖ تذکرۃ فمن شاء اتخذ الی ربہ سبیلا یہ ایک نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے اپنے رب کی راہ اختیار کرے وہ جب تک اس بتلائی ہوئی راہ پر چلتے رہے سر بلند رہے اور جب اُنھوں نے کج راہی اختیار کی اور تعلیم قرآن کی مخالفت کو دلیل راہ بنایا تو ومن اعرض عن ذکری فان لہٗ معیشۃً ضنکاً کی الہامی پیشگوئی بھی پوری ہو گئی اور اس جرم کی پاداش میں خسر ان مبین کی سزا ملنی شروع ہو گئی یاد رہے کہ ابھی ونحشرہٗ یوم القیامۃ اعمیٰ کی پیشگوئی باقی ہے۔

مسلمانو! خدا کی رسی کو مضبوط پکڑو اور اس کو دلیل راہ بناؤ کیونکہ قرآن نے تم کو بلند کیا تھا اور اب قرآن ہی تمکو اس پستی سے نکال سکتا ہے۔ تعلیم اسلام کو اپنا دستور العمل بناؤ اور دیکھو کہ وہ تمہاری

تمام غلطیوں اور نقصوں کو کیونکر دور کرتی ہے وہ تم کو تعلیم کی طرف متوجہ کریگی کیونکہ وہ پہلے ہی دن کل مُسْلِمٍ وَکُلِّ مُسْلِمَۃٍ کے لئے طلب علم فرض کر چکی ہے وہ تم کو علوم جدیدہ کی تحصیل کی ترغیب دیگی کیونکہ اُطْلُبُوا الْعِلْمَ کی آواز دنیا میں اسلام ہی ایک مذہب ہے جس نے بلند کی وہ تم کو اخلاق کی روشنی سے منور کر دیگی کیونکہ داعی اسلام بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ مَکَارِمَ الْاَخْلَاقِ کہہ چکا ہے۔ وہ برخلاف تمام مذاہب کے تم کو دنیا میں بھی برسر عروج رکھے گی اور عاقبت میں بھی راحت اور مسرت کا باعث ہوگی کیونکہ وہ تمکو یہ دعا سکھلا چکی ہے کہ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً غرضکہ وہ تم کو حضیض مذلت سے نکالکر پھر اوج کمال پر پہنچا دیگی اور کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ کے خطاب کے پھر تم مستحق ہو جاؤ گے موجودہ نکبت سے نکلنے کی یہ ایک تنہا صورت ہے۔ اور مبارک ہیں وہ جو اسپر عمل کرنے کے لئے طیار ہیں۔

مسلمانو! یاد رکھو کہ فلاح دنیوی اور نجات اخروی عمل بالقرآن سے وابستہ ہے فلاح و صلاح کا طالب ہونا اور تعلیم اسلام سے مُنہ موڑنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے درازی عمر کی آرزو کرنی اور طب کے تجارب سے تغافل ہو جانا۔

تَرْجُو النَّجَاۃَ وَلَمْ تَسْلُکْ مَسَالِکَھَا
اِنَّ السَّفِیْنَۃَ لَمْ تَجْرِیْ عَلَی الْیَبَسِ

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ۔ آمین ٭ (دار السلطنت)

ڈائری

۱۱۔ فروری۔ نماز ظہر

قبل ظہر۔ چند نئے واردین بیعت کے لئے حاضر ہوئے سید عطا حسین صاحب اور ڈاکٹر محمد علی خان صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ ساکنان ضلع گجرات نے حضرت سے بیعت کی درخواست کی حضرت نے اُن کو بیعت کر کے دعا فرمائی۔ بعد ادائے فریضہ ظہر حضرت نے آج کی مندرجہ ذیل تازہ وحی سُنائی۔

دَعْنِیْ اَقْتُلْ مَنْ اٰذَاکَ اِنَّ الْعَذَابَ مُرَبَّعٌ وَّمُدَوَّرٌ ٭

ترجمہ

چھوڑدے مجھے کہ میں قتل کر دوں اُن لوگوں کو جنہوں نے تجھے ایذا دی کیونکہ اُن کے لئے میرا عذاب چاروں طرف سے پکڑنے والا اور گھیرنے والا ہو کر آرہا ہے۔

نماز ظہر سے پہلے مندرجہ ذیل قصیدہ مدحیہ احمد الدین زمیندار ساکن شادیوال ضلع گجرات محرر ڈسٹرکٹ بورڈ گوہاٹ نے حضرت کی حضور میں کھڑے ہو کر سُنایا حاضرین نے اس کو پسند کیا۔

قصیدہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے مسیحائے زماں مہدی والا گوہر۔ راستبازوں کے امام اہل صفا کے رہبر
مظہر ذات خداوند برو زاحمد۔ مہبط وحی الٰہی و کلام برتر
شاہ اقلیم سخن ماہ سپہر اسلام۔ پاک مذہب کے معین حامی دین پرور

ان دنوں راہ ہدایت کے دکھانے والے۔ جبکہ بے دینی ہی پھیلی ہوئی حد سے باہر
روح اور جسم کے دکھوں سے چھڑانیوالے۔ نسخہ کیمیا ملکوت سمارے لاکر
احمد خستہ در کون آیا ہی خدمت میں تری۔ درد و آلام زمانہ سے بہت ہے مضطر
ملجا و ماوا انہیں اسکا تیری در کی بجز۔ آستانے کو تیری چھوڑ کر جائے یہ کدھر
دکھوں دردوں سے اسے کر دے تو چنگا للہ۔ کر دعا اسکے لئے پیش خدائے اکبر
پھیر کر سدرہ کو جاتی ہیں دعائیں تیری۔ باتیں پتھر کے دلوں میں بھی تیری کرتی اثر
پھول جھڑتے ہیں فصاحت کے لبوں سے تیری۔ اور بلاغت میں نہیں کوئی بھی تیرا ہمسر
درد و جانکاہ مصیبت سے دُنیا کے بچاتا تو ہے۔ روح کے دکھوں سے کر دیتا ہی پاک وباطہر
تیرے الطاف کے سائے میں جو آیا اُسکو۔ رنج والم و مصائب سے ہی کیا ڈر
تیری برکت سے بہت کوڑھی ہوگئے ہیں اچھے۔ دیکھ لے آکے یہاں جسکو نہ آئے باور
فیض کا بیج جو دنیا میں ہی بویا تو نے۔ سامنے تیرے وہ لایا ہے بہت عمدہ ثمر
ہے زبردست یہ اک تیری صداقت کا نشان۔ واقعی جانا ہے پہچانا پھلوں سے ہی شجر
دین اسلام یہ احسان ہیں تیرے بے حد۔ گو مسلمانوں نے برسائے ہیں تجھ پر پتھر
قوم کے درد سے رہتا ہی تو غمگین و حزین۔ رات کو اشکوں سے تر ہوتا ہی تیرا بستر
ہوا پامال توجہ سے ہی تیری دجال۔ جو کہ اخبار پیمبر میں تھا لکھا اعور
کانپ اٹھتے ہیں تیری نام سے دین کے دشمن۔ دیتی لرزا ہیں اُنھیں تیرے قلم کے جوہر
سیف کا لیتا ہی تو کام قلم سے اپنی۔ تجھ کو درکار نہ نیزہ ہی نہ تیغ اور نہ تبر
تو نے دنیا سے دیا مردہ پرستی کو مٹا۔ اور دکھلا دیا اسلام کا مہر انور
پاک اور صاف کیا دین نبی کو تو نے۔ اُس طریقہ پہ چلا جیسا ابوبکر و عمر
عزم و ہمت ہی تیری دیتی رسالت کا پتہ۔ یہ سمجھتا ہی وہ جو غور سے کرتا ہے نظر
فیض قدسی ہی تیری آتی ہیں کھینچی روحیں۔ جمگٹھا رہتا ہی ابرار کا تیرے در پر
تیری طلعت ہی نمایاں ہیں نشانات ہدیٰ۔ روح ہو جاتی ہی خوش دیکھ کے تیرا منظر
ہوتی جاتی ہی تیری دنیا پہ عزت قائم۔ اور مخالف ہیں تیری در بدر اور خاک بسر
ٹلتے جاتے ہیں تیری سامنے دشمن سارے۔ زد پہ آیا جو تیری اُس کا ٹھکانا ہے سقر
تیری اعدا کا نہیں کوئی ٹھہرنے والا۔ شاہ افلاک ہی ہر بات میں تیرا یاور
جب تلک دنیا میں ہی سنت ہی خدا کی جاری۔ کہ وہ کذاب کی گردن پہ ہے رکھتا خنجر
تیرے خدام کو ہو روح قدس کی تائید۔ اور مخالف کو ملی تیری نہ مہلت دم بھر

نماز عصر

آریوں کی مذہبی کانفرنس مقام گوجرانوالہ کے ذکر پر مفتی محمد صادق صاحب کو فرمایا کہ اگر کم از کم تین گھنٹہ ہماری تقریر سننے کے لئے مقرر ہوں تو ہم مضمون لکھکر سنانے کو بھیج سکتے ہیں۔

قبر میں سوال و جواب

ایک شخص کا سوال پیش ہوا کہ قبر میں سوال و جواب روح سے ہوتا ہے یا جسم میں وہ روح ڈالا جاتا ہے۔ فرمایا۔ اس پر ایمان لانا چاہئیے کہ قبر میں انسان سے سوال و جواب ہوتا ہے۔ لیکن اُس کی تفصیل اور کیفیت کو خدا پر چھوڑنا چاہئیے۔ یہ معاملہ انسان کا خدا کے ساتھ ہے وہ جس طرح چاہتا ہے کرتا ہے۔ پھر قبر کا لفظ بھی وسیع ہے جب انسان مرجاتا ہے تو اُس کی حالت بعد الموت میں جہاں خدا اسکو رکھتا ہے وہی قبر ہے خواہ دریا میں غرق ہو جائے خواہ جل جائے۔ خواہ زمین پر پڑا رہے۔ دنیا سے انتقال کے بعد انسان قبر میں ہے۔ اور اس سے مطالبات اور مواخذات جو ہوتے ہیں اس کی تفصیل کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے انسان کو چاہئیے کہ ایسی بحث کیوں کر [illegible] ٭

انوار احمدیہ پریس قادیان میں باہتمام شیخ یعقوب علی تراب احمدی چھپکر شایع ہوا

سچائی کا جھنڈا

اشتہاروں کی گرم بازاری مضمون کی تیز طراری مریضوں کی آہ و زاری آجکل عجیب سماں دکھلا رہی ہے لیکن ہمارا کام باتوں سے نہیں ہے - ہم ہر دوا کا نمونہ مفت دیتے ہیں - اول آزماؤ پھر منگواؤ -

بھلا اس میں کچھ بھی دھوکا ہے - قوائے متناسلہ کے متعلق ان دنوں مختلف قسم کی بدکاریوں کی وجہ سے عام طور پر ضعف کی شکایت ہے - ہم نے امراض مخصوصہ کے علاج کے لئے یہ لاجواب معجون تیار کی ہے جس کے چند استعمال سے امراض متعلقہ قوائے متناسلہ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً دفع ہونگے اور ہر قسم کی باہیہ شکایت کے لئے مفید ہے ہمارا کام یہ نہیں کہ ہم لکھ ماریں کہ یہ جواہرات سے طیار ہوئی ہے اول نمونہ مفت منگائیں پھر پسند ہو تو طلب فرمائیں قیمت فی بکس ایک روپیہ

طلاء طلسمی } پیرانہ سالی کے اثر اور جوانی کی بے اعتدالیوں اور غلط کاریوں سے جو مرض لاحق ہوتے ہیں اور مریض کو بعض اوقات خودکشی تک پہنچا دیتے ہیں - وہ ہمارے اس طلاء طلسمی سے فائدہ اوٹھائیں اور معجون طلسمی کھاویں انشاءاللہ تعالیٰ وہ اس کو مفید پائیں گے منگوانے سے پہلے نمونہ منگوا کر آزماؤ قیمت چھ ماشہ دو روپیہ -

سرمہ سلیمانی } آنکھوں کی کل بیماریوں کو دفع کرنے والا اور بصارت بڑھانے والا قیمت ایک تولہ ۸ر

سوزن دندان } دانتوں کی کل بیماریوں کو دفع کرکے دانت مثل گوہر آبدار بنانا اسی سوزن کا کام ہے

قیمت فی بکس ۸ر

المشتھر

حکیم محمد حسین خلف حکیم سرفراز حسین مالک کارخانہ احمدیہ مطب گڈھ ضلع دہلی

ایڈوکیٹ بمبئی میں سے

(بمبئی کے ایک عطار کی رائے)

ایک ہمسایہ کی شہادت بمبئی کے بہت سے باشندوں کو فائدہ پہنچا سکتی ہے کیونکہ قدرتاً ہموطنوں کی رائے توجہ خیز ہوتی ہے یہ تحریر جو کہ جے - ڈبلیو - راجرس صاحبان عطاران سبھا تیجپال بمبئی کی ہے پڑھی - وہ کہتے ہیں ہمیں یہ سند دیتے ہیں بہت خوشی حاصل ہوتی ہے کہ ہم نے اپنے چند مریضوں میں ڈاون کی پیٹ کے درد اور گردہ کی گولیوں کا استعمال کیا اور اُن سے نتیجہ واقعی عجیب اور عمدہ حاصل ہوا ڈاون کی پیٹ کے درد اور گردہ کی گولیاں گردہ اور مثانہ کی کسی قسم کی شکایت کی علامت معلوم ہونے پر کھالی چاہئے دوسرا کوئی سلامت طریقہ نہیں ہے کیونکہ گردوں کی بیماری خطرناک ہے اور اس سے بیخبر نہ رہنا چاہئے ڈاون کی گولیاں گردوں کو طاقت بخشتی ہیں اور خون میں سے فضلہ کو دفع کرکے اوسکو پاک و صاف رکھتی ہیں جبکہ گردے خراب اور کمزور ہوجاتے ہیں اسوقت اس ضروری کام کو نہیں کر سکتے اور اس وجہ سے پشت اور اعضا میں درد - درد سر - بیخوابی - چکر آنا - نظر کا کمزور یا دھندلا ہونا وغیرہ شکایات جسم کو تکلیف دیتی ہیں اور اگر گردوں کی مدد جلد نہ پہنچائی جائے تو خطرناک بیماریاں مثلاً درد پشت - ضعف جگر - وجع مفاصل یعنی جوڑوں میں درد ہونا - عرق النسا - پیشاب اور مثانہ کی شکایت ہونیکا خوف ہوتا ہے اس وجہ سے گردوں کے خراب ہونے کی ذراسی بھی علامت معلوم ہونے پر ڈاون کی گولیاں لینی چاہئیں - اس اخبار میں ہم سلسلہ وار بمبئی کے طبیبوں اور باشندوں کی شہادتیں بمبئی کی خلائق کے لئے شائع کرتے ہیں اگر آپ اس کالم کو دیکھتے رہیں گے تو ضرور کسی ملاقاتی کا نام پائینگے -

یہ گولیاں تمام دوا فروشوں کی دوکانوں پر یا براہ راست ڈاون کی ادویہ پوسٹ آفس باکس نمبر ۲ بمبئی کے پتہ سے ملتی ہیں قیمت فی شیشی دو روپیہ یا چھ شیشیوں کے عنلہ براہ عنایت آپ ضرور ڈاون کی گولیاں منگوایئے کہ جنکی مہربان راجرس صاحبان تعریف کرتے ہیں -

ایک لاکھ شیشہ تقسیم ہوچکی

اگر ہمارے سرمہ کی پرستش کی مہر آفتاب کا ٹریڈ مارک ہو تو جعلی سمجھنا چاہئے

(ہر درخواست کے وقت اخبار کا حوالہ ضرور دیں)

فتیلہ اتنا - اہر لگا اور آنکھیں صاف **بسم اللہ نور** (۱۱) ہوگئیں کسی قسم کی سیاہی وغیرہ کا اثر آنکھوں میں نہیں رہتا یہ وہ سرمہ ہے جس نے نزول ما... تک میں فائدہ کیا ہے اور باقی امراض - جالا - پھولا دھند - غبار سبل پانی - پڑبال - خارش موتیابند ابتدائی - سرخی ناخنہ وغیرہ چند ہی دنوں کے بعد استعمال سے کھو دیتا ہے سیکڑوں سارٹیفکٹ معززوں و ڈاکٹروں و حکیموں و رئیسوں و عہدہ داروں کے موجود ہیں ایک تولہ - بال بھر سے زائد کو کافی ہے ایجنٹوں کی ضرورت ہر ایک جگہ ہے قواعد ایجنسی درخواست آنے پر روانہ ہونگے دریافت طلب امور کے لئے جوابی کارڈ آنا چاہئے - سرمہ نور خاکی فی تولہ عہ - سرمہ سیاہ بصری فی تولہ ۸ر

موتی سنگی شروع ہو رنگ کم خرچ بالا نشین خوش وضع ایسے کہ ریشمی معلوم ہوں مستورات کے واسطے عمدہ تحفہ - جاڑوں میں ... تو شک لحاف کے واسطے ... پائدار و خوبصورت کپڑا ہے فی تھان طول ۱۲ گز - ۸ گرہ عرض ۱۰ گرہ قیمت صرف عہ ر فرمائشات وی پی منگانے میں جانبین کا محصول روزانہ ذمہ خریدار جملہ خط و کتابت و ترسیل زر بنام منیجر کارخانہ سرمہ نور کاکوری ضلع لکھنؤ ہونی چاہئے

المشتھر

محمد اعجاز علی مالک کارخانہ سرمہ نور کاکوری

اسکاٹس املشن

تمہارے جسموں کے کمزور مقامات اور مضبوط بنا کر انسداد مرض کرتا ہے

ہاں کبھی ہے نہیں جاتا ہمیشہ اس نشان کی ماہی گیر کا املشن } فروخت کیجئے سب دوا فروشوں کے ہاں موجود ہے لو اسکاٹ کے طریقہ جنت کا نشان ہے

اسکاٹ اینڈ براون لمیٹڈ مینوفیکچرنگ کیمسٹس لندن

فہرست کتب موجودہ دفتر الحکم

ازالہ اوہام صرف حصہ دوم قیمت ۱۲ ست بچن قیمت ۱۲ آریہ دھرم قیمت ۸ تحفہ قیصریہ اور مسئلہ وحدت وجود مرحوم تیسری دفعہ چھپا ہے قیمت ۳ سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب قیمت ۲ فیصلہ آسمانی قیمت ۲ نور القرآن حصہ دوم عیسائیوں کا تعصب رد قیمت ۴ ایڈیٹر الحکم کی تالیفات تفسیر القرآن پارہ اول قیمت ۱۲ سلک مرواریدہ قیمت ۴ سلک مروارید حصہ دوم ۸۰ صفحہ کی کتاب ہے قیمت ۴ علاوہ محصول ڈاک الانذار قیمت ۴ - متفرق کتابیں - تفسیر سورہ تبت ۱ سواء السبیل نمبر ۱ قیمت ۱ نسخ رد شیعہ قیمت ۲ ضرورت امام قیمت ۱ قصیدہ ضوابط ا سرار قیمت ۲ برہان الحق عیسائی مذہب کی حقیقت کھولی گئی ہے قیمت ۲ تفسیر سورہ بقرہ قیمت ۱

المشتہر

مینجر اخبار الحکم قادیان ضلع گورداسپور

رقیمه روباز بحضور موفور حبیبی امیر کابل بالقابه

جناب والا - خاکسار محض ابتغاءً لوجه الله بتوضیح توجه
بندگان همایون بوسیلهٔ عریضهٔ هذا در اظهار چند امور واجبی سعی
می دارد که من بنده را بر نگارش این گذارش ازان واقعات
و واردات جرأت و جسارت دست داده است که درین سیاحت
هندوستان از مخاطبات و مکالمات جناب فخامت مآب ظاهر و باهر
گردیده درین حریت و امنیت که حق سبحانه تعالیٰ شانه محض بکرم عمیم
و فضل فخیم رعایائے قیصر هند را در تحت ظل تاج برطانیه عطا فرموده
حوصلهٔ ام را افزوده - بالیقین می دانم تاجدار دولت خداداد را
خاطر نشین باشد که اسلام از فضل ذوالجلال والاکرام آن مذهب
طیب است که در دمیدن روح حریت و صاف گوئی بطبائع
متبعین مخلصین دستگاه خاص بل اختصاص می دارد هم ازین جهت بود
که اعراب بادیه حتی عجائز عجزه در بارگاه معدلت پناه خلفای راشدین
